© rasailojaraid.com


خطبۂ ثانیہ الحمد للہ العلی العظیم والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم۔

برادران اسلام! میں نے جس علم کی ضرورت ابھی بیان کی ہے، مجھے سب سے پہلی فکر یہی ہے کہ اس علاقہ کے دیہات میں اسکی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔ اس کام میں ہماری کوشش اور آپ کی توجہ، دونوں کی ضرورت ہے۔ یہاں دارالاسلام کی مسجد میں ایک مکتب قائم کر دیا گیا ہے اور ایک بہت نیک مولوی صاحب رات دن یہاں رہتے ہیں۔ آپ اپنے بچوں کو یہاں تعلیم کیلیے بھیجیں۔ اسکے علاوہ بڑی عمر کے جو لوگ بے پڑھے لکھے ہیں، ان سے بھی میں درخواست کرتا ہوں کہ وہ چوبیس گھنٹوں میں سے ایک گھنٹہ ضرور پڑھنے کیلیے نکالیں۔ ان کے لیے ہم نے وقت کی کوئی قید نہیں رکھی ہے۔ صبح سے شام تک بلکہ رات تک جس شخص کو جس وقت موقع ملے، وہ پڑھنے کیلیے آجائے۔ کسی شخص سے تعلیم کا کوئی معاوضہ نہیں لیا جائیگا۔ یہ خدمت بغیر کسی اجرت کے انجام دی جائیگی۔

اسکے ساتھ میں اسکا بھی انتظام کرنے والا ہوں کہ چند تعلیم یافتہ آدمی خود دیہات میں جاکر تھوڑا وقت اپنے دیہاتی بھائیوں کو تعلیم دینے میں صرف کریں۔ اس علاقے میں جو لوگ پڑھے لکھے ہیں اگر وہ اس کام میں ہمارا ہاتھ بٹانیکے لیے تیار ہوں اور اپنا تھوڑا تھوڑا وقت اس کار خیر میں صرف کریں تو اس سے ہمیں تعلیم پھیلانے میں بہت مدد ملیگی، اور ہمارا شکریہ تو خیر کیا قیمت رکھتا ہے اللہ تعالیٰ کیطرف سے ان کا شکریہ ایسا ادا ہوگا جس کا سلسلہ کبھی منقطع ہونے والا نہیں ہے۔

برادران ملت۔ آج کے خطبہ میں جو کچھ میں نے عرض کیا ہے یہ آپ ہی کی دین و دنیا کی بھلائی کیلیے ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ لوگ میری ان باتوں کی طرف توجہ کرینگے۔

(درود و سلام و دعا)

© rasailojaraid.com